
# رائے عامہ سروے | تعلیم اور اسکول کا نظام

**پاکستان میں والدین کی بھاری اکثریت (99%) کا کہنا ہے کہ کامیابی کے لیے تعلیم بہت اہم ہے؛ اس بات سے مکمل طور پر اتفاق کرنے والوں کی شرح خواتین (94%) اور دیہی علاقوں کے والدین (93%) میں سب سے زیادہ پائی گئی۔**

برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیرمتفق ہیں - کامیابی کے لیے تعلیم بہت ضروری ہے؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## تعلیم اور اسکول کا نظام

پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز 6

"تعلیم اور کامیابی کے بارے میں خیالات"

**پاکستان میں والدین کی بھاری اکثریت (99%) کا کہنا ہے کہ کامیابی کے لیے تعلیم بہت اہم ہے؛اس بات سے مکمل طور پر اتفاق کرنے والوں کی شرح خواتین (94%) اور دیہی علاقوں کے والدین (93%) میں سب سے زیادہ پائی گئی۔**

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 18 اگست 2026


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستان میں والدین کی بھاری اکثریت کا ماننا ہے کہ زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے تعلیم بہت اہم ہے۔ جن میں 92% والدین اس بات سے مکمل طور پر اتفاق کرتے نظر آئے۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے "پاکستان میں اسکولوں کی صورتحال کو سمجھنے" کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی چھٹی سیریز ہے۔اس سیریز کی پچھلی پریس ریلیز "اسکول کی جانب سے فراہم کی جانے والی پبلک ٹرانسپورٹ کا مطالبہ" تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

اس موضوع پر تفصیلی رپورٹ گیلپ پاکستان کی ویب سائٹ پر موجود ہے،اس تک رسائی حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب پاکستانی والدین، جن کے بچے اس وقت اسکول میں پڑھ رہے ہیں، سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں- کامیابی کے لیے تعلیم بہت ضروری ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 92% والدین کے مطابق وہ اس بات سے "مکمل طور پر متفق" ہیں، 7% والدین کے مطابق وہ اس بات سے "کسی حد تک متفق" ہیں، 1% والدین کے مطابق وہ اس بات سے "کسی حد تک غیر متفق" ہیں، جبکہ 1% سے بھی کم والدین کے مطابق وہ اس بات سے "مکمل طور پر غیر متفق" ہیں۔ یہ نتائج واضح کرتے ہیں کہ والدین کی بہت بڑی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ تعلیم کا کامیابی سے گہرا تعلق ہے۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں-کامیابی کے لیے تعلیم بہت ضروری ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1415 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-±2 لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج**: 'کامیابی کے لیے تعلیم بہت اہم ہے' سے مکمل طور پر اتفاق کرنے والوں کی شرح دیہی والدین میں سب سے زیادہ پائی گئی۔ جن میں 93% والدین اس بات سے مکمل طور پر اتفاق کرتے نظر آئے، جبکہ شہری والدین میں یہ شرح 89% پائی گئی۔ دوسری جانب، اس بات سے کسی حد تک اتفاق کرنے والوں کی شرح دیہی والدین کی نسبت (6%) شہری والدین میں زیادہ دیکھنے میں آئی (9%)۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے نتائج**: خواتین میں تعلیم کی اہمیت پر یقین قدرے زیادہ مضبوط نظر آتا ہے۔ 94% خواتین اس بات سے مکمل طور پر متفق نظر آئیں کہ کامیابی کے لیے تعلیم بہت اہم ہے، جبکہ مرد حضرات میں یہ شرح 89% دیکھنے میں آئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

مجموعی طور پر، نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ تقریباً تمام والدین اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ کامیابی کے لیے تعلیم ضروری ہے، جبکہ مختلف آبادیاتی گروہوں میں فرق بہت معمولی ہے۔ خواتین اور دیہی علاقوں کے والدین میں زیادہ مضبوط اتفاق اس بات کو مزید واضح کرتا ہے کہ خاندان اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کے لیے تعلیم کو مرکزی اہمیت دیتے ہیں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 18th August 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)